# 26722 ـ احرام کی چادریں تبدیل کرنا

**سوال**

کیامرد اورعورت کے لیے جائز ہے کہ وہ اپنے احرام کوکسی دوسرے احرام سے تبدیل کرلے ، چاہے وہ حج کا احرام ہویا عمرہ کا ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

حج یا عمرہ کا احرام باندھنے والے شخص کے لیے جائز ہے کہ وہ احرام کے دوسرے کپڑے زیب تن کرلے ، احرام تبدیل کرنے میں اس کے حج یا عمرہ کے احرام پرکچھ اثرنہیں ہوگا ۔

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے اوراللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اوران کی آل اورصحابہ کرام پراپنی رحمتوں کا نزول فرمائے ۔.